## دہشت گردی سے ریاستی رٹ کمزور نہیں ہوگی، میر سلیم کھوسہ

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ، ان کے گن مین کی شہادت اور ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری کے زخمی ہونے کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ صرف ایک معزز جج پر نہیں بلکہ ریاست پاکستان، عدالتی نظام پر کھلا حملہ ہے

## دہشت گردوں کو قرار واقعی سزا ملے گی، میر عاصم کرد گیلو

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر مال میر عاصم کرد گیلو نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی دہشت گردانہ حملے میں شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افسوسناک واقعہ انصاف، قانون کی بالادستی اور ریاستی اداروں پر حملہ ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے اس گھناؤنے واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دی جائے گی۔۔۔

# سیشن جج کا قتل آئین، قانون اور ریاست کی حکمرانی پر حملہ ہے وزیر قانون

عبدالحکیم کاکڑ اور انکے محافظ کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، زخمی ایڈیشنل سیشن جج کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا

اعظم نذیر کا چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران ملاخیل سے ٹیلیفونک رابطہ، ہر قسم کی مدد اور قانونی کارروائی کی یقین دہانی

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عدلیہ پر حملہ دراصل آئین، قانون اور ریاست کی حکمرانی پر حملہ ہے اور اس میں ملوث ......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ہر کردار کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے زخمی ایڈیشنل سیشن جج کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔ وزیر قانون نے واقعے کی اطلاع ملتے ہی وزیر اعظم کو فوری طور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس واقعے سے مکمل طور پر آگاہ ہے اور اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریاں ہر صورت پوری کرے گی۔ اس سلسلے میں انہوں نے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران ملاخیل سے ٹیلیفونک رابطہ بھی کیا۔ چیف جسٹس نے حکومت کو مکمل تعاون اور فوری قانونی کارروائی کی یقین دہانی کرائی۔ اعظم نذیر تارڑ نے واضح کیا کہ اس گھناؤنے فعل میں ملوث دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

## وزیر اعلیٰ سندھ کے تعاون سے نہروں میں زرعی پانی کا اضافہ ہوا، فیصل جمالی

اوستہ محمد بلوچستان کا زرعی و گرین بیلٹ ہے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

ایم پی اے کا دورہ حلقہ انتخاب، مختلف منصوبوں کا جائزہ لیا، مشرق سے خصوصی گفتگو

اوستہ محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی حلقہ انتخاب اوستہ محمد آمد ضلع بھر میں جاری ترقیاتی کاموں اور زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ اور صوبائی وزیر ایریگیشن سندھ کے تعاون سے نہروں میں زرعی پانی کا اضافہ ہوا ہے۔ جس کیلئے شکر گزار ہیں صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی مشرق سے بات چیت۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر لائیو سٹاک فیصل خان جمالی کی حلقہ انتخاب......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

آمد ضلع بھر میں جاری ترقیاتی کاموں اور نہری نظام میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کا معائنہ کیا اور سٹی اوستہ محمد میں سیف سٹی کیمروں کی تنصیب سٹی پولیس تھانہ میں امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے ایس پی اوستہ محمد کی بریفنگ، بریفنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال اسسٹنٹ کمشنر اشفاق رمضان تحصیلدار اوستہ محمد کاسن خان بوبڑ ڈی ایس پی محمد داؤد کھوسہ ایس ایچ او ندیم بجرانی 15 مددگار فورس کے انچارج کرم حسین ہیرو دیگر افسران بھی موجود تھے اس موقع پر صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اوستہ محمد بلوچستان کا زرعی و گرین بیلٹ ہے یہاں لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے کسانوں کو زرعی پانی کی فراہمی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور صوبائی وزیر ایریگیشن سندھ کا شکر گزار ہیں کہ انہی کی کاوشوں اور تعاون سے کھیرتر کینال و پٹ فیڈر کینال میں زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہوئی ہے سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ کاشتکاروں کو زرعی پانی کی بروقت فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ ایریگیشن کے مقامی افسران و ضلعی انتظامیہ کو سختی سے ہدایات دی کہ وہ پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے اور غیر قانونی واٹر کورسز پمپنگ مشن استعمال کرنے والے زمیندار و کاشتکاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی یقینی بنا کر ٹیل تک زرعی پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے اوستہ محمد ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور علاقے کی عوام ان سے مستفید ہوں گے بقول ان کے ہم دعوے ہرگز نہیں کرتے بلکہ عملی اقدامات پر پختہ یقین رکھتے ہیں جس کی واضح مثال تمام ترقیاتی اسکیمات زمین پر نظر آرہے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عملی اقدامات اور عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے سب کو ساتھ لے کر چلیں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## سیشن جج کی شہادت، پوری قوم سوگوار ہے، شعیب نوشیروانی

واقعہ میں زخمی جج و دیگر کی جلد صحت یابی کیلئے دعا، ملزمان کو کٹہرے میں لایا جائیگا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے مستونگ میں پیش آنے والے فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی مذمت کرتے ہوئے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ اس المناک واقعے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا، انہوں نے شہداء کی وطن اور ریاست کے لئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شعیب نوشیروانی نے واقعے میں زخمی ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری بقیہ نمبر 35 صفحہ 5 پر

سمیت تمام زخمی افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 24 JUL 2026 Page No. 15

## پولیس دہشتگردی کے خلاف جاری جنگ میں ذمہ داریاں نبھاتی رہیگی، محمد طاہر

**وردی اور ڈیوٹی پولیس اہلکاروں کا فخر، موجودہ حالات میں ان کی پیشہ وارانہ ذمہ داری مزید اہم ہوگی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ وردی اور ڈیوٹی پولیس اہلکاروں کا فخر ہیں، موجودہ حالات میں ان کی پیشہ وارانہ ذمہ داری مزید اہم ہوگی بلوچستان پولیس دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی عملداری کے لیے ہراول دستے کے طور پر اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ کے مختلف تھانوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لینے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء مندوخیل اور دیگر پولیس افسران بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان کو ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ نے تھانوں کی سیکیورٹی، نفری اور دیگر انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے مختلف تھانوں میں تعینات اہلکاروں سے ملاقات کی ان کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع ... ایئر پورٹ، شالکوٹ، بجلی گھر اور تھانہ سریاب کے دورے کے موقع پر جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وردی اور ڈیوٹی پولیس اہلکاروں کا فخر ہیں، جبکہ موجودہ حالات میں ان کی پیشہ وارانہ ذمہ داری مزید اہم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی عملداری کے لیے ہراول دستے کے طور پر اپنی ذمہ داریاں اہم ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے۔ عوام کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

## وفاقی حکومت نے صوبوں کی طلب پر گندم درآمد کرنے پر غور شروع کردیا

**گندم درآمد پر بھاری زرمبادلہ خرچ کرنے کی بجائے کالے دھن سے ذخیرہ کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے، محب وطن حلقے**

اسلام آباد (رپورٹ حنیف خالد) وفاقی حکومت نے صوبوں کی طلب پر گندم درآمد (Import) کرنے پر غور شروع کر دیا۔ گندم کی درآمد پر بھاری زرمبادلہ خرچ کرنے کی بجائے کالے دھن سے ذخیرہ کرنے والوں سے آہنی ہاتھ سے جائے، گندم نکلوا کر ان کو سرکاری قیمت 35 سو روپے کی ادائیگی قرین انصاف ہے محب وطن حلقوں نے آرا ظاہر کر دی بتایا گیا ہے کہ چونکہ صوبے براہ راست بیرون ملک سے گندم درآمد نہیں کر رہے، بلکہ ملک میں گندم کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور بحران سے نمٹنے کے لیے وفاقی حکومت (پاسکو کے ذخائر) سے گندم مانگ رہے ہیں۔ وفاقی حکومت نے صوبوں کی طلب کے بعد گندم درآمد (Import) کرنے پر غور شروع کیا۔ حالیہ سرکاری اور میڈیا رپورٹس کے مطابق صوبوں کی اصل ... اور گندم کی صورتحال یہ ہے پنجاب حکومت نے بیرونِ ملک سے درآمد کرنے کے بجائے وفاقی حکومت (پاسکو) کے ذخائر سے 10 لاکھ (1 ملین) ٹن گندم فراہم کرنے کا باضابطہ مطالبہ کیا ہے۔ پنجاب حکومت نے مارکیٹ کو مستحکم رکھنے کے لیے وزارت قومی غذائی تحفظ سے رابطہ کر لیا۔ خیبر پختونخوا (KP): خیبر پختونخوا نے 10 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ نہیں کیا، بلکہ وفاقی اجلاس میں سرکاری شعبے کے لیے 1 لاکھ 70 ہزار ٹن اور نجی شعبے (فلور ملز وغیرہ) کے لیے 7 لاکھ ٹن (مجموعی طور پر 8 لاکھ 70 ہزار ٹن) گندم کی ضرورت ظاہر کی ہے۔ سندھ کے حوالے سے خبر کافی حد تک درست ہے۔ سندھ کابینہ کے حالیہ فیصلے کے مطابق سندھ حکومت 5 لاکھ ٹن گندم درآمد کرے گی جبکہ 2 لاکھ 20 ہزار 665 میٹرک ٹن گندم پاسکو سے خریدی جائے گی۔ گندم کی قلت کی اصل وجہ: اس سال ملک میں گندم کی پیداوار تو بہتر ہوئی تھی لیکن آئی ایم ایف (IMF) کی شرائط کے تحت گندم کی امدادی قیمت (Support Price) ختم ہونے کی وجہ سے پنجاب اور سندھ حکومتیں کسانوں سے ہدف کے مطابق گندم نہیں خرید سکیں۔ پنجاب نے 30 لاکھ ٹن کے ہدف کے مقابلے میں صرف 4 لاکھ 80 ہزار ٹن گندم خریدی، جس کی وجہ سے اب صوبوں کو وفاق سے گندم مانگنی پڑ رہی ہے۔

## مستونگ میں سیشن جج کی شہادت اور اس کے پسِ پردہ حقائق

**واقعہ اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کے تحت بلوچستان میں اس طرح کے واقعات سے خوف کی فضا قائم کی جارہی ہے**

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی شہادت اور اس کے پسِ پردہ حقائق، بلوچستان کے علاقے مستونگ میں دہشتگردی کی ایک واردات میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے باڈی گارڈ کو شہید کیا گیا، یہ غیر معمولی واقعہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس کے تحت بلوچستان میں اس طرح کے واقعات کے ذریعے خوف و ہراس کی فضا قائم کی جارہی ہے، چند دن پہلے ضلع واشک کے علاقے ماشکیل میں 5 مزدوروں کو شہید کیا گیا، 22 جولائی کو کھڈ کوچہ میں بس پر فائرنگ کر کے 3 افراد کو شہید کیا گیا، اس سے پہلے ایک کار پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک معصوم خاتون شہید ہوئیں اور اب ایک سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ دہشتگردی کا نشانہ بنے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کے مختلف شہروں سمیت ملک بھر میں طوفانی بارشوں کا امکان، ادارے الرٹ

**ژوب، موسیٰ خیل، شیرانی، لورالائی، بارکھان، کوہلو، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین، چمن میں جم کر بادل برسیں گے**

تونسہ، ملتان، خانیوال، لودھراں، مظفرگڑھ، کوٹ ادو، رحیم یار خان اور راجن پور میں تیز ہواؤں کیساتھ بارش ہوگی

**خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، مری، گلیات اور کشمیر کے پہاڑی علاقوں میں بارشوں سے لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے، ادارہ**

کوئٹہ، ملک بھر سے (سٹی رپورٹر، نمائندے) آج بارش ہونے کا امکان ہے، میٹرولوجیکل ڈیپارٹمنٹ کی .......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

فورکاسٹ سے ملنے والی تفصیلات کے مطابق، ژوب، موسیٰ خیل، شیرانی، لورالائی، بارکھان، کوہلو، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین، چمن، کوئٹہ، زیارت، قلات، خضدار، آواران، لسبیلہ اور گردونواح میں تیز ہواؤں/آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اس دوران چند مقامات پر موسلادھار بارش کی توقع ہے۔ میٹ ڈیپارٹمنٹ کی فورکاسٹ کے مطابق آج خیبر پختونخوا، کشمیر، اسلام آباد، پنجاب، شمال مشرقی بلوچستان، جنوب مشرقی سندھ اور گلگت بلتستان میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بیشتر مقامات پر وقفے وقفے سے بارش کا امکان ہے۔

## مینا مجید کی شہید سیشن جج کے گھر آمد، لواحقین سے تعزیت

**حکومت بلوچستان شہید کے اہلخانہ کے دکھ میں برابر کی شریک ہے، بات چیت**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے شہید سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی رہائش گاہ پر جا کر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا اس موقع پر مینا مجید بلوچ نے شہید کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید عبدالحکیم کاکڑ کے درجات بلند فرمائے، انہیں .......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے مینا مجید بلوچ نے کہا کہ شہید سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی شہادت صرف ان کے خاندان کا ہی نہیں بلکہ پوری عدلیہ، بلوچستان اور قوم کا مشترکہ دکھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون اور انصاف کی سربلندی کے لیے خدمات انجام دینے والے افراد پوری قوم کا سرمایہ ہیں

سیاسی جماعتیں | امن وامان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 | Dated: 24 JUL 2026 | Page No. 16

# بلوچستان کی شاہراہیں دہشتگردوں کے رحم وکرم پر ہیں، اے این پی

## مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی گاڑی پر ہونے والے سفاکانہ حملے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

**اگر سرکاری ججز اور افسران بھی محفوظ نہیں تو عام شہریوں کے تحفظ کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا، صوبائی بیان**

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی گاڑی پر ہونے والے سفاکانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس قابل مذمت قابل گرفت واقعے میں سیشن جج اور اس کے محافظ کی شہادت امن وامان سے متعلق بلند و بانگ دعووں کی مکمل نفی کرتی ہے جان بوجھ کر بلوچستان بالخصوص قومی شاہراہیں ایک عرصے سے دہشت گردوں مسلح گروہوں ڈاکوں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر چھوڑ دی گئی ہیں آئے روز بے گناہ شہریوں سیاسی کارکنوں سرکاری افسران اساتذہ طلبہ خواتین......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

تاجروں اور مسافروں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے جبکہ ریاستی ادارے اور حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکے امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت کی عملداری عملاً محدود ہو کر رہ گئی ہے اور عوام خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں اگر سرکاری ججز اور افسران بھی محفوظ نہیں تو عام شہریوں کے تحفظ کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے یہ صورتحال نہ صرف باعث تشویش بلکہ حکومت کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے عوام کی جان مال اور عزت کا تحفظ ریاست اور حکومت وقت کی بنیادی آئینی ذمہ داری ہے اگر حکومت اس بنیادی فریضے کی ادائیگی میں مسلسل ناکام رہے تو وہ عوام کا اعتماد اور حکمرانی کا جواز کھو بیٹھتی ہے بیان میں حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ مستونگ حملے میں ملوث عناصر اور اس کے پیچھے کارفرما عوامل کو بے نقاب کر کے قومی شاہراہوں پر عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہنگامی بنیادوں پر موثر اور عملی اقدامات کیے جائیں

# جماعت اسلامی جلد بلوچستان قومی کانفرنس بلائے گی مولانا ہدایت الرحمان

## باب دوستی بند عوام کو روزگار، امن فراہم کرنا حکومت وسیکورٹی اداروں کی ذمہ داری ہے امیر جماعت اسلامی

**باب دوستی کو باب دشمنی بنانے والے عوام کے خیر خواہ نہیں، چمن میں جلسہ عام واجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) چمن بارڈر فوری کھولا جائے ازلی دشمن سے کاروبار تجارت جاری جبکہ برادر اسلامی ملک کے باب دوستی بند ہے عوام کو روزگار، امن اور بنیادی حقوق فراہم کرنا حکومت سیکورٹی اداروں کی ذمہ داری وفرائض میں شامل ہے ناکام سیکورٹی ادارے ناکامی تسلیم اور ناکام حکمران اقتدار چھوڑ دیں جماعت اسلامی لاکھوں پشتونوں وبلوچوں اور سب مظلوموں کے اجتماعی مسائل کے حل کیلئے بلوچستان قومی کانفرنس کا انعقاد کرے گی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، چمن بارڈر کی مسلسل بندش، بے روزگاری، مہنگائی اور بدامنی......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کے خلاف جماعت اسلامی چمن کے زیر اہتمام ٹرنچ روڈ چمن میں عظیم الشان عوامی جلسہ صوبائی امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جلسے میں جماعت اسلامی کے صوبائی و ضلعی ذمہ داران، قبائلی عمائدین، تاجروں، علماء کرام، نوجوانوں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ چمن بارڈر کی بندش نے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں خاندانوں کا روزگار چھین لیا ہے۔ سرحدی تجارت بند ہونے سے عوام نان شبینہ کے محتاج ہو گئے جبکہ بے روزگاری، مہنگائی اور بدامنی نے لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ باب دوستی کو باب دشمنی بنانے والے عوام کے خیر خواہ نہیں چمن سے کراچی تک قومی شاہراہوں، بلوچستان کے شہروں، دیہات اور پہاڑی علاقوں کو محفوظ بنایا جائے تاکہ عوام خوف وہراس کے بغیر زندگی گزار سکیں۔ مستونگ سمیت بلوچستان بھر میں بے گناہوں کے قتل عام کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے حکمران عوامی مسائل کے حل کے بجائے اپنی مراعات اور مفادات کے تحفظ میں مصروف ہیں غریب عوام کے دکھ درد، بے روزگاری اور معاشی تباہی سے انہیں کوئی سروکار نہیں۔ افسوس کی بات ہے کہ اسمبلیوں میں ایسے افراد بیٹھے ہیں جن سے عوام کو کسی خیر کی امید نہیں

# سانحہ مستونگ بلوچستان بار کونسل کا عدالتی بائیکاٹ 3 روزہ سوگ کا اعلان

## سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ایڈیشنل جج طارق لاشاری پر بزدلانہ حملہ نہ صرف عدلیہ بلکہ قانون کی حکمرانی اور نظام انصاف پر حملہ ہے

**بڑھتے ہوئے دہشت گردی کے واقعات نے خوف وہراس کی فضا پیدا کر دی، جن کا سدباب ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل مستونگ میں پیش آنے والے ہولناک دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے، جس کے نتیجے میں ایک معزز ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اور ان کا سیکورٹی گارڈ جام شہادت......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

نوش کر گئے، جبکہ ایک ایڈیشنل سیشن جج شدید زخمی ہوئے۔ یہ بزدلانہ حملہ نہ صرف عدلیہ بلکہ قانون کی حکمرانی اور نظام انصاف پر بھی حملہ ہے۔ اپنے آئینی اور قانونی فرائض انجام دینے والے معزز جج کو نشانہ بنانا ایک ناقابل برداشت دہشتگردی ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ بلوچستان بار کونسل شہدا کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتی ہے، جبکہ زخمی ایڈیشنل سیشن جج کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔ اس مشکل گھڑی میں وکلا برادری عدلیہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ اس المناک واقعہ کے خلاف احتجاج، شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے اور زخمی جج سے اظہار یکجہتی کے لیے بلوچستان بار کونسل پورے صوبہ بلوچستان میں دو روزہ عدالتی ہڑتال اور تین روزہ سوگ کا اعلان کرتی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3/4

Dated: 24 JUL 2026 Page No. 17

## جج کی شہادت، حکومت امن وامان پر قابو پانے میں ناکام ہوگئی، سیاسی جماعتیں

**ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی جائے، جمعیت، اے این پی، پشتونخوا نیپ، نیشنل پارٹی، پشتونخوا نیپ کا ردعمل**

**مسلم لیگ ن، پی ٹی آئی، جمعیت ن، بی اے پی، پیپلز پارٹی، ایچ ڈی پی، نواب زہری، و دیگر کا اظہار مذمت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/ نیوز ایجنسیاں) مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت جبکہ ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت دیگر افراد کے زخمی ہونے کے واقعے پر سیاسی جماعتوں نے شدید مذمت کرتے ہوئے صوبے میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ رہنماؤں نے واقعے کو عدلیہ، قانون کی بالادستی اور ریاستی اداروں پر حملہ قرار دیتے ہوئے ذمہ دار عناصر کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، عوام، تاجر اور مسافر عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے جنرل سیکرٹری میر حاجی میر رند نے سانحہ مستونگ پر صوبے بھر میں یوم سوگ منانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ جج عبدالحکیم کاکڑ کی شہادت آئین، قانون اور عدلیہ پر حملہ ہے۔

## نئے عمرانی معاہدے سے ہی مسائل کا حل ممکن ہے، نواب رئیسانی

**بلوچستان کا مسئلہ وزیراعلیٰ کی تبدیلی سے نہیں بلکہ سیاسی انداز میں حل ہوگا، گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیف آف سراوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ وزیراعلیٰ کی تبدیلی سے نہیں بلکہ سیاسی انداز میں حل ہوگا، نئے عمرانی معاہدے سے ہی مسائل کا حل ممکن ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو قلات کی ڈویژنل حیثیت ختم اور ضلع مستونگ کو کوئٹہ میں شامل کرنے کے خلاف بلوچستان ہائیکورٹ میں رٹ پٹیشن دائر کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، سینئر قانون دان ریاض احمد ایڈووکیٹ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے قلات کی ڈویژنل حیثیت ختم اور ضلع مستونگ کو کوئٹہ میں شامل کرنے کے خلاف رٹ پٹیشن میں موقف اختیار کیا ہے کہ ڈویژن کے خاتمے سے قلات کی تاریخی حیثیت ختم ہوگئی، عوام اور ان کے نمائندوں کو بھی نظرانداز کیا گیا یہ ہمارے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے، حکومت کوئی بھی الاٹمنٹ یا اراضی کی خریداری میں قبائل کو نظرانداز نہیں کرسکتی ایسے قبائل اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لینا ہوتا ہے لیکن حکومتی اقدامات میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو نظرانداز کرتے ہوئے حکومت نے اپنا فیصلہ مسلط کیا ہے۔ موجودہ حکومت اپنے آپ کو جمہوری کہتی ہے لیکن فیصلے ڈکٹیٹرشپ کی طرز کے ہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے حکمران 1948ء میں خان آف قلات اور محمد علی جناح کے درمیان ہونے والے معاہدے کو نظرانداز کررہے ہیں فارم 45،47 اور 48 سمیت فارم 100 کی بات سننے کی بجائے 1973ء کے آئین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ میں نے گوادر کو سرمائی دارالحکومت کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا میرے بعد آنے والوں نے اس کو ختم کردیا کھڈ کوچہ میں کرفیو کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسے فوری طور پر ختم کیا جائے اس سے لوگوں کی مشکلات بڑھیں گی ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ میری نظر میں مسئلہ کشمیر اور فلسطین سے بھی اہم ہے اس کو حل ہونا چاہیے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ 2008ء سے 2013ء تک اپنے دور حکومت میں لاپتہ افراد سمیت بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے جو کوششیں کیں وہ ریکارڈ کا حصہ ہیں وزیراعلیٰ کی تبدیلی سے متعلق پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی تبدیلی کے حامی نہیں بلکہ نظام کی بہتری کے حامی ہیں ایسی وزیراعلیٰ بنانے سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں کوئی بھی وزیراعلیٰ بننے کو تیار نہیں۔ اس موقع پر سینئر وکیل ریاض احمد ایڈووکیٹ نے بات چیت کرتے ہوئے حکومت نے مستونگ اور قلات کے عوام کو نہیں سنا اور یہ فیصلہ ان کے حقوق کی حق تلفی کے مترادف ہے عوام سمیت کسی کو بغیر تقسیم کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا جس سے لوگوں کے حقوق متاثر ہوئے۔

## امن وامان کی بحالی کیلئے مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا، پشتونخوا نیپ اور جمعیت کا اتفاق

**مولانا فضل الرحمن جلد آل پارٹیز کانفرنس طلب کرینگے، مولانا واسع اور رضا محمد رضا کی گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین و سابق سینیٹر رضا محمد رضا اور جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا، جس میں بلوچستان بالخصوص پشتون علاقوں میں امن وامان کی صورتحال، دہشت گردی کے بڑھتے واقعات اور عوام کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے زیارت، ہرنائی، ژوب، مستونگ اور قومی شاہراہوں پر پیش آنے والے دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مسلسل واقعات سے عوام میں خوف اور عدم تحفظ بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ ملاقات کے دوران تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) بلانے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا، جس میں بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی، شاہراہوں کے تحفظ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ حکمت عملی مرتب کی جائے گی۔ جمعیت علماء اسلام کی جانب سے تجویز دی گئی کہ پارٹی سربراہ مولانا فضل الرحمن جلد آل پارٹیز کانفرنس طلب کریں گے۔ رضا محمد رضا نے اس تجویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات تمام سیاسی جماعتوں سے متحد ہوکر عوام کے جان ومال کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے کردار ادا کرنے کا تقاضا کرتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## امن کا قیام حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، کامران مرتضیٰ

**حکومت کھڈ کوچہ کرفیو سے متعلق احکامات کی وضاحت کرے، بیان**

**دیکھتے ہی گولی مارنے کے احکامات بنیادی حقوق سے متصادم ہیں**

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت وکلا فورم پاکستان کے مرکزی صدر سینیٹر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ نے حکومت بلوچستان کی جانب سے مستونگ کی سب تحصیل کھڈ کوچہ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

میں کرفیو کے نفاذ اور مبینہ طور پر "دیکھتے ہی گولی مارنے" کے احکامات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سخت ردعمل دیا ہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ نے کہا کہ امن وامان کا قیام حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، تاہم آئین اور قانون سے ہٹ کر کیے گئے اقدامات شہریوں کے بنیادی حقوق سے متصادم ہیں اور عوام میں خوف و ہراس پیدا کرتے ہیں۔

## بلاول بھٹو کی مستونگ میں دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے مستونگ میں دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی، عدلیہ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

، بلوچستان کے عوام اور دہشت گردی کے خلاف برسرپیکار سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے دہشتگرد حملے میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے سیکیورٹی گارڈ کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

## سیشن جج کی شہادت انصاف کے نظام پر حملہ ہے، عبدالخالق اچکزئی

**مستونگ سانحہ میں سیشن جج اور گن مین کی شہادت افسوسناک اور قابل مذمت ہے**

**ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت دیگر زخمیوں کی جلد مکمل صحت یابی کیلئے دعا**

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی دہشت گردانہ حملے میں شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس المناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

معزز جج پر حملہ دراصل انصاف کے نظام، قانون کی بالادستی اور ریاستی اداروں پر حملہ ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ دہشت گرد ایسے بزدلانہ حملوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں کرسکتے اور نہ ہی ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے میں کامیاب ہوں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Clipping No. 4

Dated: 24 JUL 2026 Page No. 18

# مستونگ: دہشتگردوں کی فائرنگ سے سیشن جج عبدالحکیم کا ڈرائیور اور محافظ شہید، ایڈیشنل سیشن جج سمیت 2 افراد زخمی



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 24 JUL 2026 Page No. 19


## دکی: نامعلوم مسلح افراد نے تھانے کو بارودی مواد سے اڑا دیا

دکی (نامہ نگار) پولیس تھانہ زربن پر نامعلوم مسلح افراد کا بارودی مواد سے حملہ، کمرے اور دیواریں گر گئیں اور عمارت کو شدید نقصان پہنچا۔ پولیس نفری کی عدم موجودگی کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو علی الصبح نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانہ زربن پر بارودی مواد سے حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں تھانہ کے کمرے اور چار دیواری گر کر عمارت کو شدید نقصان پہنچا تاہم پولیس نفری کی عدم موجودگی کی وجہ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے یاد رہے کہ کئی روز قبل زربن تھانہ پر مسلح افراد کے حملہ میں ایک پولیس اہلکار کی شہادت اور 3 اہلکار زخمی ہونے کے باعث سیکورٹی خدشات کے پیش نظر تھانہ میں نفری موجود نہیں تھی۔

## قلعہ عبداللہ، مختلف واقعات میں خاتون سمیت 5 افراد ہلاک، 4 زخمی

**شوہر نے بیوی کو گولی ماردی، گیس سے دم گھٹ کر ہلاک ہونیوالے نوجوان کا دادا بھی صدمہ برداشت نہ کر سکا**

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) ضلع قلعہ عبداللہ اور گلستان میں مختلف واقعات کے دوران پانچ افراد جاں بحق جبکہ چار زخمی ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق کوئٹہ چمن شاہراہ پر میزی اڈہ کے مقام پر تیز رفتار ڈمپر کی ٹکر سے 18 سالہ انیس خان ولد عبدالحکیم دادی جاں بحق ہو گیا۔ گلستان کے قریب نورک سلیمان خیل کے مقام پر ایرانی پیٹرول کے کمرے میں گیس بھرنے کے باعث منور خان کا گز جاں بحق ہو گئے، جبکہ ان کے دادا بہاؤالدین کا گز بھی صدمہ برداشت نہ کرتے ہوئے دم توڑ گئے۔ قلعہ عبداللہ بازار کے قریب معمولی تنازع پر دو گروپوں کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں عبداللہ بادیزئی ولد ملا خدائی نظر جاں بحق جبکہ ان کے تین بھائی زخمی ہو گئے۔ ایک اور واقعے میں قلعہ عبداللہ کے قریب 75 سالہ فضل محمد نے مبینہ طور پر اپنی اہلیہ پر فائرنگ کر کے اسے ہلاک کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس نے واقعات کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## تمبو، فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد لاک

**مسلح افراد کی فائرنگ سے عرفان علی اور خانکوٹ میں محمد شعبان عمرانی جاں بحق**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے علاقے تمبو میں فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد لاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد تمبو تحصیل شوری پولیس تھانے کی حدود گوٹھ صوبہ میں گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد گھر میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں عرفان علی ولد ممتاز علی جائے موقع پر ہی ہلاک ہو گیا جبکہ واقعے کے بعد مسلح ملزمان فرار ہو گئے واقعہ کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی گئی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی تمبو کے علاقے پولیس تھانہ خانکوٹ کی......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

حدود بجاؤ بند کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص محمد شعبان عمرانی جاں بحق ہو گیا واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور نعش قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی گئی جہاں ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی۔ پولیس نے الگ الگ مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

## شہریوں سے فراڈ میں ملوث اداروں کے 14 ایجنٹس گرفتار

**شناختی کارڈز، پاسپورٹ و دیگر دستاویزات کیلئے غیر قانونی سہولت کاری کر رہے تھے**

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں ایف آئی اے نے مختلف وفاقی اداروں کے مبینہ ایجنٹس کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر ایف آئی اے بلوچستان بہرام مندوخیل کے مطابق کریک ڈاؤن کے دوران نادرا، سوئی سدرن گیس، پاسپورٹ آفس اور میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے نام پر شہریوں سے فراڈ اور سہولت کاری کرنے والے 14 مبینہ ایجنٹوں کو حراست میں لیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ایجنٹس ان وفاقی اداروں میں برتھ سرٹیفکیٹس، شناختی کارڈز اور پاسپورٹ بنوانے کے عوض غیر قانونی سہولت کاری فراہم کر رہے تھے۔

## دکی، موٹر سائیکل چھیننے کی واردات

## فائرنگ سے نوجوان قتل

کوئٹہ (آن لائن) دکی کے علاقے میں نامعلوم ملزمان موٹر سائیکل چھیننے کے دوران فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز دکی کے علاقے سلیزئی کراس کے قریب نامعلوم راہزنوں نے طارق نامی نوجوان سے موٹر سائیکل چھینی مزاحمت پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا زخمی کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

## گاڑیاں و ڈرائیورز عدم تحفظ کا شکار لوڈنگ نہیں کرینگے، مزدا گڈز انجمن تاجران

خضدار، کوئٹہ اور تفتان روٹ پر شاہراہیں غیر محفوظ، مسلح افراد سامان قبضے میں لیکر گاڑیوں کیلئے تاوان طلب کر رہے ہیں، نواب خان مینگل

کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی سے پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ نہیں کیا جا رہا جس میں ہمارے اربوں روپے ڈوب گئے، عبدالرحیم کاکڑ

صوبائی حکومت مکمل ناکام ہوچکی جس کے باعث آج حالات اس نہج تک پہنچ گئے، نور احمد کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان مزدا ٹرک گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے چیئرمین نواب خان مینگل، مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، نور احمد کاکڑ نے بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر مال بردار گاڑیوں پر فائرنگ جلانے اور لوٹ مار کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک ہماری گاڑیوں اور ڈرائیوروں کو مکمل سیکورٹی فراہم نہیں کی جاتی ہم سامان کی لوڈنگ ........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

نہیں کریں گے حکومت فوری طور پر اس مسئلے کو حل کرے یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی اس موقع پر محمد ابراہیم، حضرت علی اچکزئی، حاجی یاسین سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی کی وجہ سے ٹرانسپورٹ سیکٹر شدید بحران سے دوچار ہے ٹرانسپورٹر اور گڈز کمپنیاں خضدار سے کوئٹہ اور تفتان تک قومی شاہراہیں غیر محفوظ ہونے کی وجہ سے آئے روز مسلح افراد گاڑیوں کو روک کر سامان قبضے میں لیکر تاوان طلب کرتے ہیں گاڑیوں کو نذر آتش کیا جاتا ہے ڈرائیوروں کو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ قومی شاہراہوں کو ٹریفک کی آمدورفت کیلئے محفوظ بنانے کے ساتھ ساتھ چھینی گئی گاڑیاں اور لاپتہ سامان ہمیں دلایا جائے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ٹرانسپورٹ جو کہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے زبوں حالی کا شکار ہے اور قومی شاہراہوں پر غیر قانونی رکاوٹوں کا خاتمہ کیا جائے کیونکہ گڈز گاڑیاں مزدا ٹرک، کنٹینرز، مسافر کوچز، آئل ٹینکر، بوزر سمیت کسی قسم کی ٹرانسپورٹ محفوظ نہیں جس کی وجہ سے کاروباری حلقوں، ٹرانسپورٹروں اور ڈرائیوروں سمیت مالکان میں شدید تشویش پائی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی سے پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ نہیں کیا جا رہا جس میں ہمارے اربوں روپے ڈوب گئے

## پولیس تحفظ اور انصاف فراہم کرے، ثناء اللہ

ایف آئی آر درج کروانے کے باوجود ملزم کی عدم گرفتاری کا الزام

حکام سے رقم واپسی، دھمکیوں کا نوٹس لینے اور قانونی کارروائی کی اپیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیو کاہان مری کیمپ کوئٹہ کے رہائشی ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پولیس ایف آئی آر درج ہونے کے باوجود ان کے بھائی کو گرفتار نہیں کر رہی، وہ انہیں موبائل نمبر سے دھمکیاں دے رہا ہے اور ان سے لیے گئے 5 لاکھ 80 ہزار روپے بھی واپس نہیں کر رہا۔ انہوں نے حکومت اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا نوٹس لے کر انہیں انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ وہ نیو کاہان مری کیمپ کوئٹہ کے رہائشی ہیں اور ان کے بھائی ست اللہ نے آبائی زمین کے تنازع پر انہیں تشدد کا نشانہ بنایا اور جھگڑا کیا، حالانکہ ان کے والد نے آبائی زمین کو آٹھ حصوں میں تقسیم کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ تشدد اور جھگڑے کے خلاف بجلی بیگ تھانے میں ایف آئی آر درج کروائی جا چکی ہے، تاہم پولیس تا حال ملزم کو گرفتار نہیں کر رہی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں مخصوص موبائل نمبر سے مسلسل دھمکیاں دی جا رہی ہیں کہ تھانے آ جائیں، ورنہ انہیں گھر سے اٹھا لیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کے بھائی نے ان سے 5 لاکھ 80 ہزار روپے لیے تھے جو تا حال واپس نہیں کیے گئے، لہٰذا انہیں انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے۔

## عبداللہ جان کا جھوٹا مقدمہ درج کرنے کا الزام

بکری چوری کا من گھڑت مقدمہ درج کر کے ہراساں کیا جا رہا ہے

رقم، گاڑی اور سامان لینے کا دعویٰ، حکام سے قانونی کارروائی کی اپیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے ہزار گنجی زہری ٹاؤن کے رہائشی عبداللہ جان نے کہا ہے کہ ایس ایچ او عبدالمالک نے اپنے ساتھیوں نصر اللہ اور جہانزیب کے ساتھ مل کر ان کے خلاف بکری چوری کا جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ درج کیا، ان سے 5 لاکھ روپے، گاڑی اور دیگر سامان لے لیا، لہٰذا حکام بالا انہیں انصاف فراہم کریں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او عبدالمالک اور اس کے ساتھیوں نے بے بنیاد ایف آئی آر میں ان کا نام شامل کر کے ان سے 5 لاکھ روپے لیے اور اب مزید رقم کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اسی طرح دیگر لوگوں کو بھی ہراساں کیا جاتا ہے۔ عبداللہ جان نے بتایا کہ 7 مئی کو وہ سریاب عدالت سے نکلے تو ایس ایچ او اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ انہیں زبردستی ساتھ لے گیا اور ان کی گاڑی، موبائل فون اور دیگر سامان بھی اپنے قبضے میں لے لیا، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے خلاف بکری چوری کا مقدمہ درج کر کے انہیں ہراساں کیا جا رہا ہے۔

## چاغی میں ہزاروں شہریوں کے بلاک شناختی کارڈز بحال کرنیکا مطالبہ

چاغی (آن لائن) سیندک کے قبائلی رہنما اور یونین کونسل تفتان کے رکن حاجی قادر بخش موسیٰ زئی نے ضلع چاغی میں ہزاروں شہریوں کے بلاک شناختی کارڈز کے مسئلے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیندک، تفتان، نوکنڈی، دالبندین اور دیگر علاقوں کے عوام ایک ایسے مسئلے کا سامنا کر رہے ہیں جو روز بروز سنگین ہوتا جا رہا ہے۔ ضلع چاغی کے عوام آخر کب تک اپنے بنیادی حق سے محروم رہیں گے؟ انہوں نے کہا کہ متاثرہ شہری اپنے شناختی کارڈ بحال کروانے کے لیے بار بار نادرا دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں، لیکن انہیں نہ مناسب رہنمائی مل رہی ہے، نہ بروقت شنوائی، اور نہ ہی ان کے مسائل کا فوری حل نکالا جا رہا ہے۔ مزید برآں، متاثرہ افراد کو کمیٹی کے سامنے پیش ہونے کا کہا جاتا ہے، مگر کمیٹی کے اجلاس کئی ہفتوں بلکہ مہینوں بعد ہوتے ہیں۔ جب اجلاس ہوتا بھی ہے تو صرف چند گھنٹوں کے لیے، جبکہ متاثرہ شہریوں کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بہت سے لوگ دوبارہ مہینوں انتظار کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔



## کوئٹہ کراچی شاہراہ پر بڑھتی دہشتگردی، مسافر و تاجر پریشان

گڈز ٹرانسپورٹرز کا ٹرک و کنٹینرز کی آمدورفت محدود کرنے کا اعلان

صوبے میں مہنگائی مزید بڑھنے کا خدشہ، نجی فضائی کمپنیوں نے بھی کرائے بڑھا دیئے

کوئٹہ (سردار حمید خان سے) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے، جبکہ گڈز ٹرانسپورٹرز کی جانب سے بھی اس روٹ پر ٹرک اور کنٹینرز کی آمدورفت محدود کرنے کے اعلان کے بعد مسافروں اور تاجروں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ گزشتہ چند روز کے دوران قومی شاہراہ پر پیش آنے والے متعدد دہشت گرد حملوں نے امن و امان کی صورتحال پر سنگین سوالات کھڑے (باقی صفحہ 5 نمبر 39)

(باقی صفحہ 5 نمبر 39)

## تیز رفتار ٹریکٹرز عوام کے لیے وبال جان بن گئے

ٹریفک پولیس سکول اوقات میں آمدورفت پر پابندی لگائے، پی کے نیپ کوئٹہ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخواہ نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر، بالخصوص حاجی غیبی روڈ، اس سے ملحقہ رہائشی علاقوں اور تنگ گلیوں میں بھاری ٹریکٹروں کی تیز رفتار، لاپرواہ اور غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ شہریوں، خصوصاً سکول جانے والے معصوم بچوں، خواتین، بزرگوں اور عام راہگیروں کی جان و مال کے لیے ایک سنگین خطرہ بن چکی ہے۔ روزانہ سینکڑوں بھاری ٹریکٹر رہائشی آبادیوں اور معروف شاہراہوں سے انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ گزرتے ہیں، جس کے باعث اہل علاقہ شدید خوف، عدم تحفظ اور ذہنی اضطراب کا شکار ہیں۔ پارٹی نے ضلعی انتظامیہ، ٹریفک پولیس، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ محکموں سے مطالبہ کیا کہ حاجی غیبی روڈ اور دیگر رہائشی علاقوں میں بھاری ٹریکٹروں اور ہیوی ٹریفک کے داخلے پر فوری اور مؤثر پابندی عائد کی جائے، تیز رفتاری کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے، ٹریفک قوانین کی سختی سے پابندی یقینی بنائی جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 24 JUL 2026 Page No. 21


## ضلعی انتظامیہ کی کاروائیاں جاری!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ہمیشہ مسائل کا شکار رہتا ہے جوکہ اس کی اہمیت کے لحاظ سے کسی بھی طرح صحیح نہیں ہے کہ یہ آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا اور معروف شہر ہے اس میں صوبے کے دیگر علاقوں سے بھی بڑی تعداد میں آئے ہوئے لوگ بستے ہیں لیکن یہ ہمیشہ مسائل سے دوچار رہتا ہے اس کی بہتری کے لیے اکثر کام بھی کیا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود مسائل کم نہیں ہو رہے ہے جوکہ بلاشبہ متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے؟۔

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ایک عرصے سے گرانفروشی جیسے مسئلہ سے دوچار ہے یہاں کے تاجر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مقرر کیئے گئے ریٹوں پر بالکل عمل درآمد نہیں کرتے۔ ضلعی انتظامیہ تندور مافیا اور دودھ دہی فروش، قصابوں، سبزی و فروٹ فروشوں اور دیگر تاجروں کو قابو کرنے میں ناکام نظر آئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ گاہے بگاہے کچھ دنوں کے لیے مہنگائی کے خلاف کاروائیوں کا آغاز کرتی ہے۔ گرانفروشوں کو گرفتار، دکانوں کو سیل اور گرفتار شدہ گان کو جرمانے اور جیل بھیج دیا جاتا ہے جو جلد ہی دوبارہ آکر اپنا اسی طرح کاروبار شروع کردیتے ہیں گویا کہ ان کے لیے جرمانوں، قید اور دکانیں سیل کرنے کا سلسلہ کوئی اہم کام نہیں ہے وہ دوبارہ اپنے نرخوں پر ہی کاروبار کا آغاز کردیتے ہیں۔

گذشتہ روز کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ نے گرانفروشوں کے خلاف کاروائیوں کے دوران 25 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کردیا جبکہ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی۔ کچلاک، سریاب، کاسی روڈ، گوالمنڈی چوک اور دیگر علاقوں میں کاروائیاں کرتے ہوئے گوشت فروشوں، تندوروں، ملک شاپس سمیت مختلف کاروباری مراکز کا معائنہ کیا گیا۔ یہ کاروائیاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات کی روشنی میں کی گئیں۔ جوکہ اچھا اقدام ہے جو جاری رہنا چاہیئے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کو گرانفروشوں اور منافع بخش مافیاز کیخلاف ایسی کاروائیاں کرنی چاہئیں جس کے بعد تاجر اور منافع بخش مافیاز کو دوبارہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری کرنے والے نرخوں پر عمل درآمد نہ کرنے کی جرأت نہ ہو ان کو اس چیز کا خوف ہو کہ اگر وہ سرکاری نرخنامے پر عمل درآمد نہیں کریں گے تو ان کو اس کا بڑا نقصان ہوگا۔ گرانفروشی میں ملوث افراد کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہ کیا جائے ان کے خلاف بلاامتیاز اور بغیر کسی دباؤ کے خاطرخواہ اقدامات کرنے چاہئیں جوکہ اس ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے انتہائی ناگزیر ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 24 JUL 2026 Page No. 22

## سی پیک کی غلط حکمتِ عملی: پاکستان نے انفرااسٹرکچر تو تعمیر کیا، مگر ترقی کا موقع گنوا دیا

### اظہار خیال

ڈاکٹر ندیم الحق



چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے حوالے سے جاری بحث دو انتہاؤں کے درمیان محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ ایک نقطہ نظر اسے ایسا تاریخی منصوبہ قرار دیتا ہے جس نے پاکستان کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنا دیا، جبکہ دوسرا اسے ملک کو درپیش موجودہ معاشی مشکلات کی بنیادی وجہ قرار دیتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دونوں مؤقف اس منصوبے سے حاصل ہونے والے اصل سبق کو نظرانداز کر رہے ہیں۔

سی پیک کی اصل کہانی نہ تو صرف چین کے بارے میں ہے اور نہ ہی بنیادی طور پر قرضوں کے گرد گھومتی ہے۔ اصل معاملہ یہ ہے کہ پاکستان نے اپنی تاریخ کے سب سے بڑے ترقیاتی مواقع میں سے ایک کو کس طرح سنبھالا، مگر اسے پائیدار معاشی نمو، صنعتی مسابقت اور ہمہ گیر خوشحالی میں تبدیل کرنے میں ناکام رہا۔ تقریباً 62 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ پاکستان کو وہ موقع ملا جو ترقی پذیر ممالک کو شاذ و نادر ہی نصیب ہوتا ہے، یعنی بنیادی ڈھانچے کی سنگین رکاوٹیں دور کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر سرمایہ دستیاب ہوا۔ سڑکیں تعمیر ہوئیں، بجلی گھر قائم کیے گئے، ترسیلی نظام کو وسعت دی گئی اور گوادر بندرگاہ کو ترقی دی گئی۔ تاہم ان سرمایہ کاریوں کے باوجود آج پاکستان مہنگی بجلی، بڑھتے ہوئے گردشی قرضے، کمزور صنعتی مسابقت اور اپنی حقیقی استعداد سے بہت کم فعال گوادر جیسے مسائل سے دوچار ہے۔ اس ناکامی کی بنیادی وجہ سرمایہ کاری کی کمی نہیں بلکہ مؤثر حکمتِ عملی کا فقدان تھا۔ توانائی کا شعبہ اس کی سب سے نمایاں مثال ہے۔ جب سی پیک کا آغاز ہوا تو پاکستان شدید بجلی بحران کا شکار تھا اور نئی پیداواری صلاحیت کی فوری ضرورت تھی۔ تاہم پالیسی سازوں نے بجلی کی پیداوار کو مکمل حل سمجھ لیا، حالانکہ یہ ایک وسیع تر نظام کا صرف ایک حصہ تھا۔ ساہیوال اور پورٹ قاسم جیسے منصوبوں کے ذریعے بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں تیزی سے اضافہ کیا گیا، مگر ترسیلی نظام کی بہتری، تقسیمی اصلاحات، لائن لاسز میں کمی اور بجلی کی منڈی کی ترقی اس رفتار کا ساتھ نہ دے سکے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ پاکستان کے پاس بجلی پیدا کرنے کی وافر صلاحیت موجود ہونے کے باوجود صارفین کو اس بجلی کی بھی ادائیگی کرنا پڑ رہی ہے جو استعمال ہی نہیں کی جاتی۔ کیپیسٹی پیمنٹس اب ملکی معیشت کی سب سے بڑی ساختی خرابیوں میں شامل ہو چکی ہیں اور گردشی قرضے اور بجلی کے نرخ بڑھانے میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ کوئلے سے چلنے والے منصوبے بھی یہ واضح کرتے ہیں کہ بنیادی ڈھانچے کی منصوبہ بندی اگر وسیع معاشی حکمتِ عملی سے الگ ہو تو اس کے نتائج کس قدر نقصان دہ ہو سکتے ہیں۔ سی پیک پر عوامی بحث کا بڑا حصہ اس سوال پر مرکوز رہا ہے کہ آیا بعض منصوبوں کی لاگت غیر معمولی طور پر زیادہ تھی یا نہیں۔ اگرچہ ان معاملات کی آزادانہ جانچ ضروری ہے، لیکن اصل مسئلہ اس سے کہیں زیادہ بنیادی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر تمام منصوبے مکمل مسابقتی طریقہ کار کے تحت بھی دیے جاتے، تب بھی پاکستان کو آج درپیش کئی مسائل برقرار رہتے، کیونکہ بنیادی پالیسی اور حکمتِ عملی ہی خامیوں کا شکار تھی۔ درآمدی کوئلے پر زیادہ انحصار کرنے کے فیصلے نے توانائی کے شعبے کو طویل المدتی زرمبادلہ کے خطرے سے دوچار کر دیا۔ روپے کی قدر میں ہر کمی کے ساتھ بجلی کی لاگت بڑھتی گئی۔ اندرونِ ملک کوئلے کی نقل و حمل کے اخراجات بجلی کے نرخوں کا مستقل حصہ بن گئے، جبکہ بندرگاہی ڈھانچے اور لاجسٹکس کے اخراجات بھی دہائیوں تک نظام پر بوجھ بنتے رہے۔ یوں وہ خطرات، جنہیں ایک مؤثر مارکیٹ زیادہ متوازن انداز میں تقسیم کر سکتی تھی، بالآخر صارفین کے کندھوں پر منتقل ہو گئے۔ اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ ہے کہ معاہدوں کے طریقہ کار نے بجلی کے ایسے نرخ پیدا کیے جو وقت گزرنے کے ساتھ خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں غیر مسابقتی ہوتے چلے گئے۔ صنعتی صارفین کو ایسی بجلی خریدنا پڑی جس کی قیمت اکثر بنگلہ دیش، ویتنام، بھارت، انڈونیشیا اور چین کے کئی علاقوں میں موجود حریف صنعتوں کے مقابلے میں تقریباً دوگنی تھی۔ حکمتِ عملی کے طور پر یہی پورے منصوبے کا سب سے نقصان دہ پہلو ثابت ہوا۔ بجلی کے منصوبوں کا جواز یہ پیش کیا گیا تھا کہ وہ صنعت کاری اور برآمدات میں اضافے کا ذریعہ بنیں گے، مگر نتیجتاً وجود میں آنے والا نرخوں کا ڈھانچہ خود اسی صنعت کاری کی راہ میں رکاوٹ بن گیا جسے فروغ دینا مقصود تھا۔ توانائی پر زیادہ انحصار کرنے والی صنعتوں کی مسابقت کمزور پڑ گئی، زیریں سطح کی مینوفیکچرنگ مطلوبہ رفتار سے ترقی نہ کر سکی، جبکہ برآمدات پر مبنی سرمایہ کاروں نے دیگر ممالک کا رخ کرنا شروع کر دیا۔ یوں وہی بنیادی ڈھانچہ، جسے صنعتی ترقی کی بنیاد بننا تھا، بالآخر اسی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن گیا۔ یہی ناکامی اس حقیقت کی بھی وضاحت کرتی ہے کہ گوادر اپنی متوقع صلاحیت اور وعدوں کے مطابق ترقی حاصل نہ کر سکا۔

گوادر کو کبھی صرف ایک بندرگاہ کے طور پر تصور نہیں کیا گیا تھا۔ اصل منصوبہ ایک ایسے مربوط معاشی نظام پر مبنی تھا جس میں گہرے پانی کی بندرگاہ، صنعتی زونز، لاجسٹکس خدمات، برآمدات پر مبنی مینوفیکچرنگ، شہری ترقی اور علاقائی تجارتی روابط شامل تھے۔ بندرگاہ دراصل اس پورے منصوبے کی بنیاد تھی، جبکہ اصل مقصد اس کے گرد معاشی سرگرمیوں کا فروغ تھا۔ تاہم پاکستان نے اپنی توجہ زیادہ تر بنیادی ڈھانچے کی تعمیر تک محدود رکھی۔ سڑکیں بنائی گئیں، بندرگاہی سہولتیں قائم ہوئیں اور ماسٹر پلان تیار کیے گئے، مگر وہ صنعتی ماحول وجود میں نہ آ سکا جو مطلوبہ پیمانے پر سرمایہ کاری، تجارتی سرگرمی اور روزگار پیدا کر سکتا۔ اصل سوال ہمیشہ یہی تھا کہ گوادر میں کون سی صنعتیں قائم ہوں گی اور کیوں؟ وقت گزرنے کے ساتھ اس سوال کا جواب دینا مشکل ہوتا گیا، کیونکہ مسابقت کے لیے درکار بنیادی شرائط ہی پوری نہ ہو سکیں۔ سرمایہ کاروں کو سستی توانائی، قابلِ اعتماد بنیادی سہولتیں، ہنرمند افرادی قوت، مستحکم ضابطہ جاتی ماحول، مؤثر کسٹمز نظام اور منڈیوں تک آسان رسائی درکار ہوتی ہے، مگران میں سے متعدد عناصر مطلوبہ حد تک ترقی نہیں کر سکے۔

اسی لیے گوادر کی ناکامی اور توانائی کے شعبے کی ناکامی دو الگ الگ کہانیاں نہیں بلکہ ایک ہی منصوبہ بندی کی خامی کی مختلف صورتیں ہیں۔ دونوں معاملات میں پاکستان نے معاشی بنیادیں استوار کرنے سے پہلے اثاثے تعمیر کر لیے۔ بندرگاہ صنعتوں سے پہلے آ گئی، بجلی گھر طلب پیدا ہونے سے پہلے قائم ہو گئے، جبکہ معاہدے منڈیوں کی تشکیل سے پہلے کر لیے گئے۔ ان مسائل کو سیاسی اور سماجی عوامل نے مزید پیچیدہ بنا دیا۔ بلوچستان کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز سی پیک سے بہت پہلے سے موجود ہیں اور ان کی جڑیں عشروں پر محیط سیاسی، معاشی اور طرزِ حکمرانی کی ناکامیوں میں پیوست ہیں۔ تاہم پالیسی ساز اس حقیقت کا درست اندازہ نہ لگا سکے کہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات سے مقامی آبادی کو نمایاں طور پر مستفید کرنا کس قدر ضروری تھا۔ اگرچہ بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے اعلانات کیے گئے اور اسٹریٹجک اہداف پر زور دیا گیا، لیکن بہت سے مقامی باشندوں کو روزگار، بنیادی عوامی خدمات، پانی کی فراہمی، تعلیم اور مقامی کاروبار کی ترقی میں خاطر خواہ بہتری محسوس نہ ہوئی۔ اس کے نتیجے میں یہ تاثر مضبوط ہوتا گیا کہ ترقی کے ثمرات کہیں اور منتقل ہو رہے ہیں۔ یہ تاثر اس لیے بھی زیادہ نقصان دہ ثابت ہوا کیونکہ بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کی کامیابی کا انحصار بالآخر مقامی قبولیت پر ہوتا ہے۔ سیکیورٹی اقدامات تنصیبات کا تحفظ تو فراہم کر سکتے ہیں، مگر عوامی حمایت پیدا نہیں کر سکتے۔ یہ حمایت اسی وقت جنم لیتی ہے جب مقامی آبادی خود کو معاشی ترقی کا حقیقی حصہ دار سمجھے۔ سی پیک سے وابستہ اہلکاروں اور تنصیبات پر بار بار ہونے والے حملوں کو صرف سیکیورٹی کے نقطہ نظر سے نہیں دیکھا جا سکتا۔ انہیں دیرینہ محرومیوں، غیر متوازن ترقی اور مقامی سطح پر واضح معاشی فوائد پیدا کرنے میں ناکامی کے وسیع تر تناظر میں بھی سمجھنا ہوگا۔ اگرچہ دہشت گردی کسی صورت قابلِ جواز نہیں، تاہم پالیسی ساز اس ترقیاتی پس منظر کو بھی نظرانداز نہیں کر سکتے جس میں یہ عدم استحکام برقرار ہے۔

# Importance of agri development

Balochistan holds immense agricultural potential, yet this vital sector, the very backbone of its economy, faces severe challenges. With an estimated 70 percent of its population directly reliant on agriculture for their livelihood, the degradation of this sector poses a significant threat to the province's socio-economic stability and the well-being of its people. It is imperative that the government shifts its focus and provides comprehensive support to revitalize Balochistan's agricultural landscape.

Farmers, despite their tireless efforts, are often compelled to rely on outdated and conventional irrigation methods. This not only leads to inefficient water usage in an already water-stressed region but also limits the scope for increased productivity. Furthermore, a significant knowledge gap persists, with many farmers unaware of modern scientific agricultural practices. This lack of access to contemporary techniques, improved seed varieties, and advanced farming machinery means that their hard work often does not translate into the commensurate yields, trapping them in a cycle of low production and economic hardship. Reduced agricultural output impacts food security, exacerbates poverty, and hinders overall regional development.

To reverse this trend, a multi-faceted approach is urgently needed. Firstly, the government must invest heavily in modernizing irrigation infrastructure. This includes promoting efficient drip and sprinkler irrigation systems, constructing new small dams and reservoirs, and rehabilitating existing water channels to minimize wastage.

Secondly, a concerted effort is required to bridge the knowledge gap among farmers. Agricultural extension services need to be strengthened and made more accessible, providing hands-on training and demonstrations on scientific farming techniques. This includes educating farmers about soil health management, appropriate fertilizer use, pest control, crop rotation, and the benefits of high-yielding, climate-resilient crop varieties.

Moreover, access to credit and quality inputs is crucial. Small and medium-scale farmers often struggle to secure loans, preventing them from investing in necessary equipment or quality seeds. The government, in collaboration with financial institutions, should introduce farmer-friendly loan schemes with simplified application processes and low-interest rates. Subsidies on essential agricultural inputs like certified seeds, fertilizers, and modern machinery would also significantly alleviate the financial burden on farmers. The promotion of the agriculture sector in Balochistan is not merely an economic necessity but a moral imperative. Empowering Balochistan's farmers with the right tools, knowledge, and support will not only ensure their prosperity but also contribute significantly to the province's development and the overall economic well-being of Pakistan.

CamScanner